18 تا 24 اگست 2023 | شمارہ نمبر 34 | جلد نمبر 35

1989ء سے مسلسل اشاعت

MC - 547 Price Rs. 100/-

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

BMG





بزنس مین پینل

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خاکس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

خاکس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا






Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# HI-KOTE®

金海浆纸
JINHAI PULP & PAPER

## Features

- Wood free coated paper with smooth matt surface
- Excellent thickness
- Superior in elegant printing requirement
- Blue-white color shade and high brightness
- High opacity
- Good printing brilliance
- Fast ink set

## Specifications

HO-KOTE C2S Matt

| Item | Unit | Test Method Reference | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Basis Weight | g/m² | ISO536 | 90 | 100 | 105 | 115 | 120 | 128 | 130 | 150 | 157 | 170 | 200 | 250 | 300 |
| Thickness | um | ISO534 | 78±4 | 84±4 | 90±4 | 100±4 | 104±4 | 110±4 | 111±4 | 128±4 | 140±4 | 153±4 | 180±4 | 250±7 | 285±8 |
| Brightness | %ISO | ISO2470 | 88-91 | | | | | | | | | | | | |
| Opacity | % | ISO2471 | 89-92 | 92-95 | 92-95 | 93-96 | 93-96 | 94-97 | 94-97 | 96-99 | 96-99 | 97-100 | 97-100 | 97-100 | 97-100 |
| Roughness | um | ISO8791/4 | ≤2.7 | | | | | | | | | | | ≤2.5 | |
| Gloss | % | T480 | 32±5 | | | | | | | | | | | 30±5 | |

Remark: Above are average values.

## Applications

- Publishing and commercial Printing

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

FOR BOOKING CONTACT

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBM-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE

PAPERLINE GOLD Prestigious Performance
ExcelPro DIGITAL COLOR PRINTING PAPER
MULTI PURPOSE PREMIUM PAPER PAPERLINE TODAY'S PAPER FOR TOMORROWS' TECHNOLOGY
a1ne MULTI PURPOSE QUALITY PAPERS



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eX EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
eX pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
eX srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS
Ellustra DRAWING PAPER
enza
foopak grease proof paper
CONCORDE Premium Cast Coated Board



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM TM
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک — قیمت 100 روپے

**پیپر بزنس**

**پبلشرز: حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

شمارے کے صفحات: 22 رنگین، 18 عمومی

**بانی: محمد رؤف**

ایڈیٹوریل بورڈ:

پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

پیج میکنگ وڈیزائننگ: عمران صدیقی

سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری

معاون: عدنان انصاری

**رابطہ آفس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر،

بلاک M، نارتھ ناظم آباد،

بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

weeklypaperbusiness@gmail.com

فون: 0300-2933229

ویب سائٹ: weeklypaperbusiness.com

**چارجز: (سالانہ)**

بمعہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

بمعہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے

بمعہ ڈیجیٹل ایڈیشن 1000 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی

IBAN No: PK72SUMB0256027141129600

# رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کی کلاسیفکیشن 4810.1910 ہے۔سندھ ہائی کورٹ کے چار ججز کا فیصلہ

## ٹریڈ انٹرنیشنل کی 16 اکتوبر 2020 کی شکایت پر 4810.1910 پر نیو یا رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کی کلیرنس کو متنازعہ بنا دیا گیا تھا

## کسٹم اپیلیٹ ٹریبونل ہی حتمی اختیار رکھتا ہے اور وہ کلاسیفکیشن کمیٹی اور سینیٹ اسٹینڈنگ کمیٹی کی ہدایت کو ماننے کا پابند نہیں ہے۔امپورٹرز کی آئینی درخواستوں پر فیصلہ

## کلکٹر کسٹم کی درخواست میں اٹھائے گئے نکات مسترد اور امپورٹرز کے حق میں درست ہیں، دوسری ڈبل بنچ نے بھی اس فیصلے پر عملدرآمد کا حکم دیا

## جسٹس عرفان سعادت خان اور جسٹس ذوالفقار احمد خان نے کسٹم کی اپیل اور 15 امپورٹرز کی آئینی درخواستوں پر جبکہ جسٹس جنید غفار اور

## جسٹس ثنا اکرم منہاس صاحبہ نے آئینی درخواست پر فیصلہ جاری کیا، عقیل احمد ایڈووکیٹ نے آئی بی ایم کی طرف سے نمائندگی کی

کراچی (پیپر بزنس نیوز، خصوصی رپورٹ) پیپر و پیپر بورڈ کی تجارت کے اجتماعی مفادات کے فروغ کے لئے قانونی جنگوں میں کامیابی حاصل کرنے والے انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ کے محمد سلیم بیکیا نے پونے تین سال کی کامیاب جدوجہد کے بعد سندھ ہائی کورٹ کے چار معزز ججز حضرات سے بھی یہ تسلیم کرالیا کہ ائی بی ایم جو 2007 سے رائٹنگ پرنٹنگ پیپر ایس ایچ کوڈ 4810.1910 کے تحت کلیئر کرا رہی تھی وہی درست ہے اور ٹریڈ انٹرنیشنل لاہور، ڈان کنورٹیک کی جانب سے رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کے لئے 4810.1990 کے کوڈ کا دعویٰ غلط ہے۔ دس اگست 2023 کو سندھ ہائی کورٹ کی ایک ڈبل بنچ جو جناب جسٹس عرفان سعادت خان اور جسٹس ذوالفقار احمد خان پر مشتمل تھی، نے اپنے فیصلہ میں اسپشل کسٹم ریفرنس درخواست بابت SCRA NO38/2022 کو امپورٹرز کے حق میں درست قرار دیا ہے اور کسٹم کے موقف کو مسترد کیا ہے۔ بعد ازاں گیارہ اگست 2023 کو ایک دوسری آئینی درخواست پر سندھ ہائی کورٹ کی ڈبل بنچ جو جناب جسٹس جنید غفار اور جسٹس ثنا اکرم منہاس صاحبہ پر مشتمل تھی نے 10 اگست کے ڈبل بنچ کے فیصلے پر عملدرآمد کا حکم جاری کر دیا۔ جس میں کہا گیا تھا کہ کسٹم اپیلیٹ ٹریبونل اسٹینڈنگ کمیٹی یا کلاسیفکیشن کمیٹی کی ہدایت کو تسلیم کرنے کا پابند نہیں ہے اور اگر ٹریبونل نے حقائق اور شواہد کی موجودگی میں امپورٹرز کے حق میں درست فیصلہ دیا ہے اور یہ کنسائنمنٹ 4810.1910 کوڈ ایس ایچ درست ہے نہ کہ 4810.1990 کے تحت۔ لہٰذا کلکٹر کسٹم کی جانب سے کی گئی اپیل کو منفی اور امپورٹرز کے حق میں قرار دیا جاتا ہے۔ اس طرح 22 ماہ کی طویل قانونی جنگ کا خاتمہ ہوا ہے اور آئی بی ایم کی ٹیم کو سرخروئی حاصل ہوئی ہے۔ کلکٹر کسٹم نے دو رکنی کسٹم اپیلیٹ ٹریبونل کے ایس سی آر اے نمبر 38/2022 مورخہ 27 نومبر 2021 کے تحت فیصلہ کے خلاف سندھ ہائی کورٹ سے رجوع کیا تھا اور بیس امپورٹرز کو فریق بنایا تھا جن کے نام یہ ہیں:

سلمان پیپر پروڈکٹس پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، یونس اینڈ سنز پرائیویٹ لمیٹڈ، یوسف اینڈ کمپنی کراچی، بلال ٹریڈرز کراچی، یونیکو پرنٹرز کراچی، النور ٹریڈرز لاہور، نیاز پیپر مارٹ لاہور، اے این ایم ٹریڈنگ کو کراچی، صائمہ پیکیجنگ پرائیویٹ لمیٹڈ لاہور، فائیو اسٹار پیپر مرچنٹس ایس ایم سی پرائیویٹ لمیٹڈ، کوئک پروسس کراچی، پری ٹریڈرز کراچی، دی ٹائمز پریس پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، ایم کامل اینڈ سنز پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، اے بی سعید پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، احمد کارپوریشن کراچی، ذہابیہ ٹریڈرز کراچی، اپیل پیپر پروڈکٹس پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، عمار برادرز لاہور، اسپاٹ لٹ پرنٹرز پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی۔

(باقی صفحہ 6 پر)




**آئی بی ایم کے محمد سلیم بیکیا، جن کی انتھک محنت کے باعث نیو یا 2 سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کے کیس کا فیصلہ امپورٹرز کے حق میں ہوا، ان کی اس جدوجہد کی تفصیل صفحہ 11 پر ملاحظہ فرمائیں**



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ایل سی کے مسئلے پر بینکوں کی غنڈہ گردی کیخلاف اپیما کا خط

**بینک جبراً 100 فیصد سے زائد مارجن لینے کے باوجود ایکسپورٹر کو رقم ارسال نہیں کر رہے ہیں اور امپورٹرز کے مارجن پر بھاری منافع کما رہے ہیں، محمد انیس سینئر وائس چیئرمین**

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین محمد انیس نے صدر فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نام ایک خط میں ان کی توجہ کاروبار کے نام پر امپورٹرز کے ساتھ شیڈول بینکوں کی جانب سے بڑے پیمانے پر جبر/استحصال اور غنڈہ گردی کی طرف مبذول کرائی ہے۔ محمد انیس نے کہا کہ شیڈول بینک ملک کی مشکل معاشی صورتحال کا فائدہ اٹھا رہے ہیں، اوپن لیٹر آف کریڈٹ کے لیے بھاری رقم کیش ایل سی مارجن کا مطالبہ کرتے ہیں، یہاں تک کہ انہوں نے اپنے پرانے کسٹمرز کو بھی سہولت دینے سے انکار کر دیا جن کی وہ مسلسل صفر مارجن پر ایل سی کھولتے رہے ہیں، جن کے پاس ریگولر صفر مارجن ایل سی کی حد ہے۔ شیڈول بینکوں نے ان کے بھی لیٹر آف کریڈٹ کھولنے سے صاف انکار کر دیا مزید برآں بینکس میں جھوٹی اور بے بنیاد شرائط جس میں 365 دنوں کی ادائیگی کی شرائط کا بندوبست کا مطالبہ بھی شامل ہوتا ہے ایل سی میں شامل کرنے کو کہتے ہیں اور جب امپورٹرز ان شرائط پر بلیک میل ہوتا ہے تو اس سے 100% سے زیادہ کیش مارجن سے اتفاق کر لیتے ہیں۔ محمد انیس نے کہا کہ جب قابل انتقال شپنگ دستاویزات بینکوں کو برائے ادائیگی موصول ہوتے ہیں تو ایک بار پھر شیڈول بینک انہیں کلیئر کرنے، ریٹائر کرنے اور/یا برآمد کنندگان کو ٹھوس ترسیلات بھیجنے سے انکار کر دیتے ہیں، جبکہ جہاز بندرگاہ پر پہلے ہی لنگر انداز ہو چکا ہوتا ہے۔ جس کے باعث امپورٹرز کو ڈیمرج اور ڈیٹینشن کی مد میں بھاری مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ عدم ادائیگیاں UCP-600 کی شق 14-B کی خلاف ورزی ہے۔ اور بینک کو درآمدی ترسیلات بھیجنے میں تقریباً 2 (دو) مہینے تک لگا دیتے ہیں جس سے درآمدی سامان کی لاگت میں خاصا اضافہ ہو جاتا ہے۔ واضح رہے کہ بینکس امپورٹرز کے ایل سی مارجن کو بڑے پیمانے پر انویسٹر پورٹ فولیو سیکیورٹیز، یا کاروباری قرضوں، سرکاری بانڈز وغیرہ میں لگا دیتے ہیں اور صارفین کی بھاری رقم پر اس کا منافع خود رکھ لیتے ہیں جو امپورٹرز کا استحصال اور بینکوں کی غنڈہ گردی ہے۔ معاشی بدحالی کا بہانہ بنا کر شیڈول بینکوں نے ایل سی کے مارجن کے علاوہ ایل سی کھولنے میں بھی غیر قانونی طور پر اس کے چارجز میں کئی گنا اضافہ کر رکھا ہے اور دستاویزات کی ریٹائرمنٹ چارجز، بینک کمیشن، حد کی تجدید وغیرہ پر بھی بھاری شرح سے چارجز وصول کر رہے ہیں۔ محمد انیس نے کہا کہ بینکوں کی ان زیادتیوں/استحصال (غنڈہ گردی) کی وجہ سے درآمد کنندگان بہت زیادہ مشکلات کا شکار ہیں۔ بینکوں کے اس ناروا غیر کاروباری سلوک کی وجہ سے درآمدی کاروبار کی لاگت میں زبردست اضافہ ہوا، درآمدی اشیا کی مارکیٹ قیمتوں میں بلا جواز اضافہ ہو رہا ہے جس کا بوجھ غریب عوام کو برداشت کرنا پڑ رہا ہے اور مہنگائی کی ایک بڑی وجہ بینکوں کا یہ استحصال بھی ہے۔ بینک بھی بڑے مجرموں میں سے ایک ہیں جو اپنے فائدے کے لیے ملک کی تباہی کی صورت حال کو تباہ کر رہے ہیں۔ بینک کھلے عام بھتہ خوری میں ملوث ہیں۔ بلیک میلنگ مارجن کے منافع میں بے تحاشہ اضافے کا باعث بنتی ہے۔ محمد انیس نے صدر فیڈریشن سے درخواست کی کہ اس شکایتی خطوط کو سنجیدگی سے لیں اور تمام اسٹیک ہولڈرز کو ان کی رائے کے لیے مدعو کریں، تاکہ اس کا تدارک ہو سکے اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے بھی سخت احتجاج کیا جائے اور اس سے مطالبہ کیا جائے کہ وہ بینکوں کی ان غیر قانونی حرکات کا نوٹس لے اور ملک میں کاروباری سرگرمیوں کی بحالی میں مدد دے تاکہ مہنگائی میں کمی ہو سکے۔

## ایف آئی اے کی انٹر بینک سے زائد پر ایل سیز کھولنے پر بینکوں کیخلاف تحقیقات

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے 4 مبینہ وائٹ کالر میگا کرپشن اسکینڈلز کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ میڈیا رپورٹ نے ایف آئی اے کے ذرائع سے دعویٰ کیا ہے کہ 4 مبینہ وائٹ کالر میگا کرپشن اسکینڈلز میں ڈالر ریٹ سے ہٹ کر ایل سیز کھولنا، موٹر ویز اراضی خورد برد کیس، سیلاب متاثرین کی امداد میں گھپلے اور مفت آٹا سکیم میں خورد برد بھی شامل ہے۔ ایف آئی اے نے ڈالر کے انٹر بینک ریٹ سے زائد پر ایل سیز کھولنے پر مختلف بینکوں کے خلاف انکوائری شروع کر دی ہے، ایف آئی اے کا موقف ہے کہ 8 بینکوں نے 65 بلین روپے سے زائد صرف ڈالر ریٹ میں کمائے، موٹر وے کیلئے زمین کی خریداری میں بھی کرپشن شکایت پر انکوائری شروع کر دی گئی ہے۔

## ملک بھر میں ای پاسپورٹ کے اجراء کا آغاز

اسلام آباد کے بعد ملک بھر میں ای پاسپورٹ کے اجراء کا آغاز کر دیا گیا۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل امیگریشن اینڈ پاسپورٹس کے مطابق ای پاسپورٹ کے لیے فیس شیڈول جاری کر دیا گیا ہے جس کے مطابق 5 سال کے لیے 36 صفحات کے پاسپورٹ کی فیس 9 ہزار روپے جبکہ ارجنٹ ای پاسپورٹ کی فیس 15 ہزار روپے ہوگی۔ 72 صفحات پر مشتمل ای پاسپورٹ کے لیے نارمل فیس 16 ہزار 500 روپے اور ارجنٹ کے لیے 27 ہزار روپے ہوگی۔ دس سال کے لیے 36 صفحات کے پاسپورٹ کے لیے نارمل فیس 13 ہزار 500 اور ارجنٹ فیس 22 ہزار 500 ہوگی۔ دس سال کے لیے 72 صفحات پر مشتمل پاسپورٹ کی نارمل فیس 24 ہزار 750 روپے ہوگی جبکہ ارجنٹ کی فیس 40 ہزار 500 روپے ہوگی۔ شیڈول کے تحت نارمل پاسپورٹ کی فیس حسب سابق رہیں گی۔ فیسوں کا اطلاق 16 اگست سے ہو چکا ہے۔

## انٹر بینک میں ڈالر 4 روپے تک مہنگا ہو گیا

کراچی (بزنس ڈیسک) حکومت کی تبدیلی کے ساتھ ہی روپے کی قدر میں تیزی سے کمی کا رجحان، انٹر بینک میں ڈالر مزید 4 روپے تک اور اوپن مارکیٹ میں 2 روپے مہنگا ہو گیا، یورو کی قیمت میں ایک روپے کا اضافہ، پاؤنڈ کی قدر بھی 4 روپے بڑھ گئی، فاریکس ایسوسی ایشن کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق بدھ 16 اگست کو روپے کے مقابلے پر انٹر بینک میں ڈالر کی قیمت خرید 4 روپے کے اضافے سے 289.00 روپے سے بڑھ کر 293.00 روپے اور قیمت فروخت 3 روپے کے اضافے سے 292.00 روپے سے بڑھ کر 295.00 روپے ہو گئی ہے، دوسری جانب اوپن مارکیٹ میں 2 روپے کے اضافے سے ڈالر کی قیمت خرید 297.00 روپے سے بڑھ کر 299.00 روپے اور قیمت فروخت 300.00 روپے سے بڑھ کر 302.00 روپے ہو گئی ہے، فاریکس رپورٹ کے مطابق یورو کی قیمت خرید 90 پیسے کے اضافے سے 324.80 روپے سے بڑھ کر 325.70 روپے اور قیمت فروخت ایک روپے کے اضافے سے 328.00 روپے سے بڑھ کر 329.00 روپے ہو گئی جبکہ 4 روپے کے اضافے سے برطانوی پاؤنڈ کی قیمت خرید 377.20 روپے سے بڑھ کر 381.20 روپے اور قیمت فروخت 381.00 روپے سے بڑھ کر 385.00 روپے ہو گئی ہے، دریں اثنا بدھ کو اسٹیٹ بینک کا ڈالر کلوزنگ ریٹ 3.42 روپے کے اضافے سے 294.93 روپے ہو گیا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کے درآمدکنندگان سے

# اظہار تشکر

ہم نیو یا رائٹنگ پرنٹنگ پیپر H.S. Code 4810.1910 کے اپنے تمام امپورٹرز/کلائنٹ کو
سندھ ہائی کورٹ کی دو ڈبل بینچ کے علیحدہ علیحدہ فیصلوں کے تحت
رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کے ہمارے دعوے H.S. Code 4810.1910 کو
درست قرار دے کر امپورٹرز کے حق میں فیصلہ دینے پر

دلی **مبارکباد** پیش کرتے ہیں

ہم ان امپورٹرز کی ثابت قدمی اور ہمت کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہیں
کہ انہوں نے ڈھائی سال سے زائد عرصہ تک دفعہ 81 کے تحت
عبوری مال کلیئر کرا کے حق کی جنگ جیتنے میں ہماری مدد کی
آئی بی ایم کی ٹیم آئندہ بھی اپنے گاہکوں کے تعاون سے ان کی قانونی مدد جاری رکھے گی

## ہم ان کے تعاون کے ایک بار پھر شکر گذار ہیں

منجانب:

**محمد سلیم بیکیا**، چیف ایگزیکٹو، انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ — چیئرمین، بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس

سابق چیئرمین، آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن (اور پوری آئی بی ایم ٹیم)


IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.
Phone : 021-32216671, 32212081, 32601020
aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725




IBM TM
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

玖龍紙業
NINE DRAGONS PAPER



ATC
Source of Paper & Board

# Nine-Dragon Mill

is the Biggest Paper & Board Producer in the World

**FSC Certified**



Nine-Dragon Mill Appoint **ATC Pakistan Pvt Ltd,**

**As an Exclusive Agent For Pakistan Market**

For Any Requirements & Details

**MILLS REPRESENTATIVE**

ATC
Source of Paper & Board

## ATC Pakistan (Pvt) Ltd.

玖龍紙業
NINE DRAGONS PAPER

HEAD OFFICE: Room # 210, 2nd Floor, Europa Centre, Hasrat Mohani Road, Karachi-74000, Pakistan. Ph: 92-21-32628027, 32628028 Cell: 0321-2888008
Email: info@atcpakistan.net Website: www.atcpakistan.net



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# درآمدی بلیچ بورڈ کی قیمتوں میں کمی، مقامی آفسیٹ اور فوٹو کاپی پیپر میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری رہیں اور 17 اگست 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں مقامی آفسیٹ پیپر ٹاپ رائیٹر اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ جبکہ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ اور ریئل کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ رہی کہ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 355 روپے سے کم ہو کر 352 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی بلیچ بورڈ ریئل شیٹس تمام سائز تمام گرام 360 روپے سے کم ہو کر 355 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ٹاپ رائٹر تمام سائز 60 اور 68 گرام، 275 روپے سے بڑھ کر 290 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 1220 روپے سے بڑھ کر 1280 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 1220 روپے سے بڑھ کر 1300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام 1550، روپے سے بڑھ کر 1560 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام 1210، روپے سے بڑھ کر 1320 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 1200 روپے سے بڑھ کر 1250 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آریا 80 گرام، 1460 روپے سے بڑھ کر 1520 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 1150 روپے سے بڑھ کر 1200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 80 گرام، 1420 روپے سے بڑھ کر 1480 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 4000 روپے سے کم ہوکر 3850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کی شکایت پر کراچی اردو بازار کے کئی پبلشرز گرفتار

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کی شکایت پر کراچی تھانہ آرام باغ پولیس نے اردو بازار میں کارروائی کرتے ہوئے کئی پبلشرز کو حراست میں لے لیا ہے جن پر پرائیویٹ پبلشر کے طور پر درسی کتب چھاپ کر فروخت کرنے کا الزام ہے۔ اردو بازار کراچی کے کئی دکاندار پرائیویٹ پبلشر کے طور پر درسی کتب چھاپ کر فروخت کر رہے تھے، دکانداروں کا یہ عمل سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کے قانون کی خلاف ورزی ہے کیونکہ کوئی بھی پبلشر سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کی منظوری کے بغیر کتاب چھاپ کر فروخت کرنے کا مجاز نہیں ہے۔ سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کے مطابق تمام پبلشرز نے خود کو بورڈ میں بحیثیت پرائیویٹ پبلشر رجسٹرڈ کرایا ہے اور ان کے اس اقدام سے بورڈ کو مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ بورڈ کا کہنا ہے کہ مذکورہ پبلشرز غیر قانونی طور پر درسی کتب چھاپ رہے تھے جب کہ ان کی چھاپی گئی کتابوں میں متنازع مواد بھی شامل ہے۔ والدین اور سول سوسائٹی کی جانب سے اس حوالے سے شکایات موصول ہرنے پر ان کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کیا۔ اس حوالے سے ایف آئی اے میں بھی شکایت جمع کرائی جائے گی۔ پولیس نے واقعے کا مقدمہ آرام باغ تھانے میں سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ کے چیئرمین آغا سہیل پٹھان کی ہدایت پر درج کرلیا گیا ہے اور گرفتار افراد کو اسی تھانے میں رکھا گیا ہے۔

# سندھ ریونیو بورڈ کے ای پورٹل کی اپ گریڈیشن، سیلز ٹیکس ریٹرن فائل کرنے میں تاخیر

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ ریونیو بورڈ کے ای پورٹل کی اپ گریڈیشن کی وجہ سے ماہانہ سیلز ٹیکس ریٹرن فائل کرنے میں تاخیر کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اس سلسلے میں کراچی کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن نے سندھ ریونیو بورڈ کے حکام سے درخوست کی ہے کہ ای پورٹل کی بحالی تک سیلز ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع کی جائے۔ کراچی کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن نے پریس ریلیز کے ذریعے بتایا کہ 9 اگست 2023 سے سندھ ریونیو بورڈ ای پورٹل پر سیلز ٹیکس ریٹرن کی فائلنگ اس کی اپ گریڈیشن کی وجہ سے نہیں ہورہی۔ ایسوسی ایشن کی جانب سے فوری طور پر ایس آر بی کے حکام کے سامنے اٹھایا اور درخواست کی کہ سیلز ٹیکس ریٹرن فائل کرنے کی تاریخ میں ویب پورٹل کی بحالی تک توسیع کی جائے۔ کراچی کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کی درخواست پر سندھ کی ای ڈیپازٹ کی آخری تاریخ میں 17 اگست 2023 جبکہ ای فائلنگ سیلز ٹیکس ریٹرن بھی 21 اگست 2023 تک کی توسیع کی گئی ہے۔ سندھ ریونیو بورڈ کی جانب سے سیلز ٹیکس ریٹرن فائل کرنے کی تاریخ میں توسیع کے باوجود ای پورٹل اب بھی درست نہیں ہوا ہے۔ کراچی کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن نے سندھ ریونیو بورڈ کے ای پورٹل کی بحالی کے لیے فوری اقدامات اٹھانے کی درخواست کی ہے تاکہ ممبران اپنا سیلز ٹیکس ادا کریں اور ماہانہ سندھ سیلز ٹیکس ریٹرن فائل کریں۔


ہفت روزہ "پیپر بزنس" کراچی
کی ویب سائٹ پر گذشتہ شمارے دستیاب ہیں
www.weeklypaperbusiness.com



CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# چائنا کے نیو یا برانڈ دونوں سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پیپر کے تنازعہ کا آغاز اور کامیاب اختتام

(کراچی (پیپر بزنس نیوز) کئی دہائیوں سے درآمد ہوننے والے نیو یا برانڈ دونوں سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کے طور پر درامد ہو رہا تھا اور تمام امپورٹرز اس کو 4810.1910 کے تحت کلیئر کرار ہے تھے لیکن اس تنازعہ کا آغاز اس وقت ہوا جب ٹریڈ انٹرنیشنل کی جانب سے ان کی قانونی مشیر فرم میسرز آئیڈیل ٹیکس منیجمنٹ نے ایڈیشنل ڈائریکٹر انٹیلی جنس اینڈ انوسٹی گیشن کو 16 اکتوبر کو ایک شکایت کی جس میں کہا گیا کہ دونوں طرف کوٹڈ آرٹ پیپر کو غلط بیانی کر کے ''رائٹنگ پیپر'' ظاہر کر کے چائنا سے کئے جانے والے ایف ٹی اے کے تحت اس پر رعایتی ڈیوٹی حاصل کی جارہی ہے جو کہ ایس آر او 1640(I)/2019 مورخہ 31 دسمبر 2019 کا غلط استعمال ہے۔ شکایت میں کہا گیا تھا کہ آرٹ پیپر صحیح معنوں میں 4810.1310 اور 4810.1390 میں آتا ہے جبکہ اس کو مس ڈیکلیئریشن کے ذریعے رائٹنگ پیپر 4810.1910 میں کلیئر کرایا جارہا ہے تاکہ چائنا کے فریڈ ٹریڈ ایگریمنٹ کے تحت 16 فیصد ڈیوٹی کی رعایت کا فائدہ اٹھایا جا سکے۔ جبکہ دیگر ممالک سے درآمد ہونے والے آرٹ پیپر پر 20 فیصد ڈیوٹی ادا کرنی پڑ رہی ہے اور اس طرح 4 فیصد کی کسٹم ڈیوٹی کی کمی کا فائدہ حاصل کیا جا رہا ہے، اور حکومت کو ریونیو کا نقصان پہنچایا جا رہا ہے شکایت میں کہا گیا کہ یکم جنوری 2020 سے اب تک اربوں روپے کی کسٹم ڈیوٹی چوری کی گئی ہے۔ شکایت میں مزید کہا گیا تھا کہ نیو یا برانڈ پیپر رائٹنگ پیپر نہیں ہے لیکن کسٹم کے بدعنوان اہلکاروں کی مدد سے انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ اور امپورٹرز ایس آر او 1640 کا غلط فائدہ اٹھا رہے تھے اب جبکہ حکومت نے کرپشن فری معاشرہ بنانے کا فیصلہ کرلیا ہے لہٰذا آپ سے درخواست ہے کہ اس معاملہ کی فوری تحقیقات کی جائیں اور ڈیوٹی کی اس چوری کو فوری روکا جائے۔ شکایت میں یہ بات بھی لکھی گئی ہے کہ بدعنوانوں کا یہ گروہ اپنے اس کرپشن کو چھپانے کے لیے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے اراکین پارلیمنٹ کا نام غلط استعمال کر رہے تھے تاکہ ان غیر قانونی سرگرمیوں کو چھپایا جا سکے۔ میسرز آئیڈیل ٹیکس منیجمنٹ کے غلام احمد کی جانب سے یہ خط تحریر کیا گیا ہے جبکہ غلام احمد سابق کلکٹر کسٹم اور ممبر کسٹم اپیلٹ ٹریبونل رہ چکے ہیں اس طرح وہ کسٹم میں اپنا اثر ورسوخ بھی رکھتے تھے۔ خط کے ہمراہ ان تمام کنسائمنٹ کی فہرست بھی منسلک کی گئی تھی جو پورٹ پر کلیئرنس کے منتظر تھے۔ اس کے علاوہ جی ڈی بھی منسلک اور دیگر ثبوت بھی فراہم کیے گئے۔ معلوم ہوا ہے کہ 19 اکتوبر کو کسٹم آئی اینڈ آئی نے اس پر کارروائی کرتے ہوئے کلیرنس معطل کر دی تھی جس سے تمام امپورٹرز پر بھاری ڈیمرج واجب الادا ہو گیا تھا تاہم امپورٹرز آئی بی ایم کی کوششوں سے آئی اینڈ آئی نے کلیرنس بھی دے دی لیکن اس کے باوجود کسٹم کلکٹریٹ نے مال کی کلیرنس معطل کر رکھی تھی اور پندرہ دن سے زائد عرصہ تک کلیرنس معطل رکھی تھی جس سے درآمد کنندگان شدید

**16 اکتوبر 2020 کو شروع ہونے والے تنازعہ کے باعث گزشتہ 22 ماہ میں ہونے والی کوششوں کی 11 اگست 2023 کو سندھ ہائی کورٹ کے فیصلوں تک کی لمحہ بہ لمحہ تفصیل۔**

پریشانی کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ ان پر لاکھوں روپے کے ڈیمرج کے علاوہ لاکھوں روپے ٹی کنٹینر اضافی ڈیوٹی کی مد میں ادائیگی کی تلوار بھی لٹک رہی تھی۔ طویل عرصے کے بعد یہ پہلا موقع تھا کہ آئی بی ایم اور اپیما بھی اس مسئلے کو خوش اسلوبی سے حل نہیں کرا سکے تھے جس سے شکایت کے موثر ہونے کا اندازہ لگایا جا سکتا تھا۔ تاہم اس سلسلے میں آئی بی ایم اور اپیما اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے تھے۔ واضح رہے کہ ڈان پیپر مارٹ اور ڈان کنورٹیک نے بھی غلام احمد کی فرم میسرز آئیڈیل ٹیکس منیجمنٹ کی خدمات حاصل کر رکھی ہیں اور اطلاعات ہیں کہ انہوں نے بھی علیحدہ سے کسٹم آئی این آئی کو کارروائی کیلئے درخواست بھیجی۔ واضح رہے کہ ڈائریکٹریٹ جنرل انٹیلی جنس اینڈ انوسٹی گیشن نے اپنے خط مورخہ 26 اکتوبر 2020 میں اس شکایت کو نمٹاتے ہوئے معاملہ کلکٹر کلیرنس کے حوالے کر دیا تھا اور کہا تھا کہ یہ ڈیوٹی کی رقم نہایت معمولی ہے اور جی ڈی نمبر KAPE-HC-46565 مورخہ 19 ستمبر 2020 بنام سلمان پیپر پروڈکٹس پرائیویٹ لمیٹڈ جسے پکڑا گیا تھا اور بلاک کیا گیا تھا ڈی بلاک کر دیا گیا ہے تاہم اس کی تفصیلی تحقیقات اور مناسب فیصلے کے لیے کلکٹریٹ کو بھیجا جاتا ہے۔ یہ خط ایڈیشنل ڈائریکٹر اشیراز احمد نے کلکٹر اپریزمنٹ ایسٹ کو تحریر کیا تھا۔ اس صورت حال پر چائنا آرٹ پیپر کے امپورٹرز میں شدید بے چینی اور غم وغصہ پایا جاتا تھا۔ ایک ماہ گزرنے کے بعد نیو یا آرٹ پیپر کے درآمد کنندگان بدستور مشکلات میں ہیں کیونکہ کسٹم نے اس کی کلیئرنس روک رکھی۔ جبکہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے ساتھ آئی بی ایم ٹیم بھی مسئلے کے حل کے لیے کوشاں رہے اور اپنے اس موقف پر قائم تھے کہ کوٹڈ رائٹنگ پیپر بالکل درست کلیئر ہو رہا ہے اور کسٹم ٹیرف کا ایچ ایس کوڈ بالکل درست ہے اس سلسلے میں متعدد سابقہ سالوں میں کلیئر ہونے والے کنسائمنٹ کی تفصیلات بھی ثبوت کے ساتھ پیش کیں۔

## امپورٹرز 2 سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پیپر کی کلاسیفکیشن

چائنا سے درآمد ہونے والے نیو یا آرٹ پیپر کے درآمد کنندگان بالخصوص امپورٹرز نے 2 سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پیپر کی کلاسیفکیشن سے متعلق تفصیلی وضاحت چیف کلکٹر کو جمع کرائی لیکن اس پر حتمی کارروائی نہ ہونے کے باعث کلیئرنس بدستور معطل رہی۔ امپورٹرز نے موقف اپنایا تھا کہ پیپر و پیپر بورڈ برائے رائٹنگ و پرنٹنگ اور دیگر گرافکس مقاصد کے لیے صرف ان ایچ ایس کوڈ میں آتا ہے۔ پیپر 48.20 برائے ان کوٹڈ اور 48.10 کوٹڈ کے لیے ہوتا ہے۔ اور ہمارا یہ پیپر 48.10 میں آتا ہے۔ (سنگل ڈیش کے ساتھ) اس پیپر کا ٹیسٹ دو چیزوں کا ہوتا ہے۔

1۔ کلے کوٹنگ خواہ ایک طرف ہو یا دونوں طرف

2۔ مکینیکل کا عمل 10 فیصد سے کم ہو۔ مندرجہ بالا دونوں خصوصیات ہمارے پیپر کی ٹیسٹ رپورٹ سے ثابت ہو چکی ہیں۔

امپورٹرز نے مزید کہا کہ اگر نامن کلیچر کو دیکھیں تو تین یہ حصوں میں تقسیم ہے۔ 4810.13 برائے رول، 4810.14 برائے کٹ تو سائز 4810.19 علاوہ کٹ ٹو سائز یعنی 297x435 ایم ایم سے زائد۔ انہوں نے کہا کہ ہماری انوائسز 4810.19 کے حصہ میں آتی ہے۔ اس کے بعد نامن کلیچر نے نیشنل ٹیرف میں مزید دو حصوں میں تقسیم کیا ہے (تین ڈیش کے ساتھ) 4810.19 رائٹنگ پیپر اور 4810.1990 دیگر۔ امپورٹرز نے مزید کہا کہ نیشنل ٹیرف میں 2000-2001 میں 4810 کو مزید تقسیم کیا۔ 4810.1100 دو ڈیش جو 150 گرام سے کم ہو اور 4810.12 دو ڈیش جو 150 سے زیادہ ہو (بورڈ)۔ امپورٹرز نے مزید کہا کہ کسٹم ٹیرف میں 2005-2006 میں 4810.1900 دو ڈیش کا مقصد صرف 2000-2001 میں درج آئٹم گرامیج کی تقسیم تھی تاکہ پیپر و پیپر بورڈ کو مارکیٹ کی زبان کے مطابق کیا جا سکے۔ کیونکہ 150 گرام سے کم پیپر اور اس سے زیادہ بورڈ مانا جاتا تھا، اس طرح 2005-06 میں ٹیرف کو دوبارہ پیپر و پیپر بورڈ ایک کر دیا گیا اور اس دو ڈیش سے تین ڈیجیٹ میں کر دیا گیا۔ اس طرح پہلے تین ڈیجیٹ رائٹنگ پیپر کا مطلب پیپر، جس میں 150 گرام سے کم کے تمام اقسام کے پیپر کو شامل کیا گیا اور دوسرے تین ڈیجیٹ میں 150 گرام سے زائد کے تمام اقسام کے پیپر و پیپر بورڈ کو شامل کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس تقسیم کی تصدیق نہ صرف 2000-2001 بلکہ موجودہ کسٹم ویلیو ایشن رولنگ سے بھی کی جا سکتی ہے۔ اسی طرح نامن کلیچر کے مطابق بھی 4802 کو سمجھ سکتے ہیں اور اس طرح کی روشنی میں 4810 کے لیے رہنمائی مل جاتی ہے۔ اسی طرح کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کا مقصد یہ ہے کہ اس کے استعمال سے پرنٹنگ زیادہ چمکدار اور واضح ہو جاتی ہے اسی وجہ سے خصوصی طور پر بروشرز، گلوسی تصاویر اور بک لیٹس وغیرہ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ دوسرا مقصد یہ ہے کہ کوٹنگ اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ پرنٹنگ کی سیاہی پیپر میں صحیح جذب ہو جائے اور کاغذ کے اوپر نہ بہے۔ امپورٹرز نے کہا کہ ان حقائق کی روشنی میں کوٹڈ رائٹنگ پیپر جو کہ صنعتی اشیا میں شمار ہوتا ہے فوری طور پر کلیئر کیا جائے کیونکہ ہم باعزت درآمد کنندہ اور ٹیکس دہندہ ہیں اس غیر حقیقی اور غیر منطقی شکایت جس کا کوئی سر پیر نہیں ہے پر کسٹم




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

نے یکطرفہ طور پر کارروائی کی ہے ہمارے مال کو فوری طور پر ضمانت یا انڈمنٹی بانڈ پر وری کلیر کیا جائے تا کہ ڈیمرج ڈیٹینشن سے بچا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس کے باوجود بھی اگر کسٹم مطمئن نہیں ہے تو کلاسیفکیشن سینٹر میں جانے سے قبل 80-90-113 اور 128 گرام کی 20x30 سائز کی کم از کم پانچ پانچ شیٹس شکایت کنندہ سے حاصل کر کے کسٹم اپنی مہر لگا کر فراہم کرے جس سے یہ ثابت ہو سکے کہ ہمارے پیپر کی شیٹس اور ان کی شیٹس میں فرق کے لیے ٹیسٹ کرا کے دودھ کا دودھ پانی کا پانی ثابت کیا جا سکے اور شکایت کنندہ کی فراہم کردہ شیٹس 4810.1910 کی کیٹیگری میں آسکیں اور ہم بھی اپنا دفاع کر سکیں۔

## قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی فنانس اینڈ ریونیو کا نیو یا پیپر کی عبوری کلیرنس کا حکم

کلیرنس میں تعطل کا شکار نیو یا آرٹ پیپر کا ڈراپ سین بالآخر قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے فنانس اور ریو نیو تک بھی پہنچ گیا۔ 30 نومبر 2020 کو قائمہ کمیٹی کا اجلاس اسٹیٹ بینک بلڈنگ میں چیئرمین فیض اللہ کی صدارت میں ہوا جس میں کسٹم سے متعلق امور میں سلمان پیپر پروڈکٹس کراچی کے نیو یا آرٹ پیپر کے مسئلہ کو بھی خصوصی طور پر ایجنڈا آئٹم بنایا گیا تھا۔ اس اجلاس میں آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن اور امپورٹرز کی نمائندگی بیرسٹر سعد صہیب وائین اور عقیل احمد ایڈووکیٹ نے کی۔ جبکہ محمد سلیم بیکیا بھی امپورٹرز کی نمائندگی کیلئے موجود تھے۔ اجلاس میں رائٹنگ کوٹڈ پیپر کا مسئلہ شدت سے اٹھایا گیا اور امپورٹرز نے موقف اختیار کیا کہ نیو یا کوٹڈ پیپر کو کسٹم کی جانب سے روکنے کا کوئی جواز نہیں ہے ممبر کسٹم نے کہا کہ پیپر کس مقصد کے لیے استعمال ہوتا ہے یہ ہم بتائیں گے۔ امپورٹرز نے کہا کہ کسٹم کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ کسی کار پر پابندی عائد کرے کہ وہ صرف سڑک پر چلے گی کچے میں نہیں۔ جبکہ فور وہیل پر یہ پابندی ہو کہ وہ صرف پہاڑ پر چلے گی روڈ پر نہیں۔ یہ خریدار کا حق ہے کہ وہ اسے جس طرح چاہے استعمال کرے تو یہ کسٹم کا اختیار نہیں ہے۔ کسٹم صرف یہ بتا سکتا ہے کہ اس کی تیاری ان آئٹم سے ہونی چاہیئے۔ اس پر کسٹم کے نمائندوں کے پاس کوئی جواب نہیں تھا۔ امپورٹرز نے کہا کہ کسٹم ہمیں کوٹڈ رائٹنگ پیپر کا سیمپل خود دے دے یا شکایت کنندہ فراہم کر دے تا کہ اس کی تصدیق ہو سکے۔ لیکن وہ بھی فراہم نہیں کیا گیا۔ امپورٹرز نے کہا کہ ADC اور DC اس فائل پر پہلے ہی سپائرز کے کمنٹس کے بعد یہ رائے دے چکے ہیں کہ مال کلیئر کر دیا جائے کیونکہ ان افسران کی درخواست پر امپورٹرز نے سپلائر سے لکھوا دیا تھا اور براہ راست ان افسران کے ای میل پر بھجوا دیا گیا تھا اس کی روشنی میں میں ان افسران نے مال کو کلیئر کرنے کی سفارش کر دی ہے۔ سپلائرز نے لکھا ہے کہ ہماری پروڈکٹس رائٹنگ پیپرز اور دونوں طرف کوٹڈ ہے۔ لیکن چیف کلکٹر نا معلوم دباؤ کے باعث مال چھوڑنے کے لیے تیار نہیں ہیں اس موقع پر امپورٹرز نے کسٹم قوانین کا حوالہ دیا کہ کسٹم ایکٹ کے تحت اگر کہیں کلاسیفکیشن تنازعہ آتا ہے تو اسے کلاسیفکیشن کمیٹی کو بھیجا جاتا ہے اور مال کی عبوری کلیرنس کر دی جاتی ہے کسٹم نے یہ بھی نہیں کیا۔ اس کا بھی کسٹم کوئی جواب نہیں دے سکا۔ جس پر کمیٹی نے فوری طور پر مال کی عبوری کلیرنس کا حکم جاری کیا اور کہا کہ اسے کسٹم کی کلاسیفکیشن کمیٹی کو بھیجا جائے جس پر امپورٹرز نے درخواست کی کہ کسٹم کی کسی کمیٹی پر ہمیں اعتبار نہیں ہے وہ چیف کلکٹر کے دباؤ میں ہوگی اور ہمیں انصاف کی توقع نہیں ہے لہٰذا بورڈ ایک نئی کمیٹی بنائے وہاں ہم اپنا موقف دیں گے۔ جس پر کمیٹی نے حکم جاری کر دیا۔ معلوم ہوا ہے کہ اس کے بعد بدھ 2 دسمبر سے عبوری کلیرنس کا آغاز ہو گیا تھا تاہم ابھی یہ کیس کلاسیفکیشن کمیٹی کے پاس بھیج دیا گیا تھا۔

## نیو یا کوٹڈ پیپر کی عبوری کلیئرنس کیلئے سندھ ہائی کورٹ کا حکم

کراچی کسٹم ہاؤس نے سندھ ہائی کورٹ کے فیصلے پر بادل ناخواستہ عمل کرتے ہوئے دو ماہ سے زائد عرصہ سے التواء میں پڑی ہوئی نیو یا آرٹ پیپر کی انٹریز کی دفعہ 81 کسٹم ایکٹ کے تحت عبوری کلیئرنس کا آغاز 8 دسمبر 2020 سے کر دیا تھا۔ اس سے قبل کسٹم نے پاکستان کی قومی اسمبلی کی اسٹینڈنگ کمیٹی کے اجلاس میں کمیٹی اور کسٹم کی چیف کلکٹر کی موجودگی میں طے ہونے والی کارروائی پر عمل درآمد نہیں کیا تھا۔ کمیٹی کا یہ اجلاس 30 نومبر کو کراچی میں ہوا تھا جس میں مال کو بورڈ کی خصوصی کلاسیفیکیشن کمیٹی کو بھیجنے اور مال کی عبوری کلیئرنس کر دینے پر اتفاق ہو گیا تھا۔ معلوم ہوا ہے کہ امپورٹرز نے جب فیصلے پر عملدرآمد کے لئے یکم دسمبر کو کسٹم سے رجوع کیا تو کہا گیا کہ تحریری کارروائی موصول نہیں ہوئی جب تحریری کارروائی 2 دسمبر کو کسٹم کی چیف کلکٹر کو پیش کی گئی تو انہوں نے کہا کہ یہ کارروائی چیئرمین ایف بی آر کو بھیجی گئی ہے ہمیں موصول نہیں ہوئی۔ جس کے بعد امپورٹرز نے سندھ ہائی کورٹ سے رجوع کیا اور سندھ ہائی کورٹ نے پٹیشن نمبر D-6104/2020 پر 7 دسمبر 2020 کو عبوری حکم جاری کیا جس میں امپورٹرز نے کہا کہ ان کا مال پیپر و پیپر بورڈ کوئی متنازعہ درآمدی شے نہیں ہے جبکہ کسٹم نے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی میں عبوری کلیئرنس پر اتفاق کے باوجود عدالت میں موقف اختیار کیا کہ مذکورہ اشیاء میں کلاسیفیکیشن کا انتہائی اہم سنجیدہ مسئلہ درپیش ہے اور اس میں کسٹم ڈیوٹی و ٹیکسز کا بھی مسئلہ ہے۔ تاہم عدالت نے حکم جاری کیا کہ فی الحال عبوری انتظامات کے تحت درخواست دہندہ کی درخواست پر کسٹم ایکٹ کی دفعہ 81 کے تحت عبوری کلیئرنس کر دیا جائے اور دو دن میں درخواست دہندہ کسٹم کے متعلقہ افسران کے روبرو عبوری کلیئرنس کے لئے درخواست دائر کرے جس پر قانون قواعد و ضوابط کی اصل روح کے مطابق عمل درآمد کیا جائے گا اور اگر اشیاء دفعہ 81 میں آتی ہیں تو اشیاء کی کلیئرنس کے لئے باقاعدہ حکم جاری کر دیا جائے جس میں قومی خزانے کا مفاد مقدم رکھا جائے گا۔ امپورٹرز کے ذرائع نے بتایا ہے کہ کسٹم اپنی ہٹ دھرمی پر قائم ہے اور الزام عائد کیا کہ چیف کلکٹر صاحبہ متعصّبانہ رویہ اختیار کئے ہوئے ہیں اور انہوں نے اسٹینڈنگ کمیٹی میں ان کی موجودگی میں ہونے والے اتفاق رائے کے برخلاف ہائی کورٹ میں مال کی کلیئرنس کی مخالفت کی اور بھاری فیس کے وکلا کو پیش کر کے قومی خزانے کو نقصان پہنچایا۔ درآمد کنندگان کے مطابق ان کے متعصّبانہ رویہ اور ہٹ دھرمی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ وزیر اعظم سیکریٹریٹ سے معاملہ کو حل کرنے کی ہدایات کے باوجود قومی اسمبلی کے اراکین کی رائے کو بھی اہمیت نہیں دی جس پر اراکین میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے اور وہ اس مسئلے پر جلد وزیر اعظم سے بات کریں گے۔ اس کے علاوہ معلوم ہوا ہے کہ امپورٹرز نے دفعہ 7 کے تحت ان کے خلاف قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزی کی شکایات بھی چیئرمین ایف بی آر کو بھیج دی۔ مزید برآں کسٹم نے عدالت عالیہ کے حکم پر بھی عملدرآمد میں لیت و لعل سے کام لیا اور تاخیری حربے استعمال کئے جس کے دستاویزی ثبوت بھی جمع کر لیے گئے۔ کراچی کسٹم ہاؤس نے سندھ ہائی کورٹ کے فیصلے پر عمل درآمد میں تاخیری حربے استعمال کرتے ہوئے اب تک عبوری کلیرنس کا عمل پوری طرح شروع نہیں ہو سکا ہے۔ واضح رہے کہ سندھ ہائی کورٹ نے پٹیشن نمبر D-6104/2020 پر 7 دسمبر 2020 کو عبوری حکم جاری کیا تھا۔

## کسٹم ایڈجوڈیکشن II کا مس ڈیکلریشن پر شوکاز نوٹسز کا اجرا

نیو یا آرٹ پیپر/کوٹڈ رائٹنگ پیپر کے درآمد کنندگان کے خلاف کسٹم ایڈجوڈیکشن II نے مس ڈیکلئریشن کے الزام پر شوکاز نوٹس جاری کئے۔ 17 دسمبر 2020 کو اس سلسلے میں جاری ہونے والے ایک شوکاز نوٹس میں کہا گیا تھا کہ ماڈل کسٹم کلکٹریٹ اپریزمنٹ ایسٹ نے اپنی رپورٹ نمبر 51/MISC/288/2020/DCIII(EAST) مورخہ 17 نومبر 2020 کے ذریعے مطلع کیا ہے کہ آپ نے 3 اپریل اور 7 جولائی 2020 کو داخل کی گئی جی ڈی میں مس ڈیکلئریشن کی ہے اور سرکاری ٹیکسوں کو بچانے کیلئے غلط پی سی ٹی کا اندراج کیا ہے جس سے سرکاری خزانے کو دس لاکھ روپے سے زائد کا نقصان ہوا ہے۔ شوکاز میں کہا گیا تھا کہ آپ نے مال کی ڈیکلئریشن دونوں جانب کوٹڈ شیٹس (گلوس) نیو یا برانڈ کی پی سی کی 4810.1910 میں کی ہے جبکہ اس کی درست پی سی ٹی 4810.1990 ہے۔ شوکاز میں کسٹم ایکٹ کی دفعات 33,32 اور 79 سیلز ٹیکس کی دفعات 33 اور انکم ٹیکس کی دفعہ 148 کی خلاف ورزی کا الزام عائد کیا گیا جو کسٹم ایکٹ کی دفعہ 45,14 اور 156 سیلز ٹیکس ایکٹ دفعہ 33 کی (C)11 اور انکم ٹیکس کیلئے رولز 101 کے تحت قابل سزا ہے۔ لہٰذا وضاحت کریں کہ کیوں نہ آپ کے خلاف ان دفعات کے تحت کارروائی کی جائے۔ دریں اثنا امپورٹرز نے اسے ٹریڈ دشمنی پر اترے ہوئے ایک مخصوص ٹولہ کی کسٹم کی ملی بھگت سے امپورٹرز کو پریشان کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔

(باقی آئندہ)



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## ڈاؤیونیورسٹی کا پیپر، پرنٹنگ واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:Duhs/ DP/2023/252
پیپرA4 سائز،70 گرام،7000ریم۔تعداد
پیپرA4 سائز (ہاف پیپر) 70 گرام،تعداد:120ریم
پیپرF4سائز،70 گرام،تعداد:600ریم
باکس فائل (پی وی سی)،تعداد:1000عدد
اسٹیشنری کی پرنٹنگ،مختلف اقسام کے لفافے (بڑی مقدار میں)
دیگر اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:29اگست2023ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹر پروکیورمنٹ آفس، لائبریری بلاک، اوجھا کیمپس، سپارکو روڈ، آف مین یونیورسٹی روڈ، گلزار ہجری، اسکیم نمبر۔33، کراچی
فون:021-38771111 EXT:4433

## انسٹی ٹیوٹ آف ٹراما کا اسٹیشنری، پیپر و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:PROC/SMBBIT/PP/2023-24
اسٹیشنری کی پرنٹنگ
ٹینڈر حوالہ نمبر:
PROC/SMBBIT/STAT/2023-24
پیپرA4 سائز،تعداد:2000ریم
پیپر لیگل اورA3 سائز، دیگر اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:28اگست2023ء
برائے رابطہ: پلاننگ اینڈ پروکیورمنٹ ڈپارٹمنٹ، تیرہویں منزل، چاند بی بی روڈ، کراچی۔
فون:021-99215740

## نیشنل بک فاؤنڈیشن کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:HAF-1(13)
پیپرA4 سائز امپورٹڈ،80 گرام،تعداد:1000ریم
پیپر لیگل سائز امپورٹڈ،80 گرام،تعداد:200ریم
اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:25اگست2023ء
برائے رابطہ: اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن)، ہیڈ آفس، 6- ماؤ ایریا، تعلیمی چوک،G-8/4، اسلام آباد۔
فون:051-9261120

## پبلک سیکٹر ادارے کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:8/8017/22-23
آفسیٹ پیپر،A4 سائز،80 گرام، امپورٹڈ،
ڈبل اے برانڈ۔تعداد:400ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:28اگست2023ء
برائے رابطہ: پی او بکس نمبر3183، پیراڈائز پوائنٹ، کراچی۔




فون:021-99232777

## COMSATS یونیورسٹی کے پیپر و اسٹیشنری کے ٹینڈرز

ٹینڈر حوالہ نمبر:CUI-LHR-TN-23-1677
مختلف اقسام کے پیپرز
ٹینڈر حوالہ نمبر:CUI-LHR-TN-23-1678
اسٹیشنری اور پرنٹنگ آئٹمز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:23اگست2023ء
برائے رابطہ: پرچیز آفس، لاہور کیمپس، ڈیفنس روڈ آف رائیونڈ روڈ، لاہور۔
فون: 042-111-001-007 EXT:875

## کوہسار یونیورسٹی مری کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:25اگست2023ء
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ آفیسر آفس، ایڈمن بلاک، جھیکا گلی، 47150، مری۔
فون:051-9269249

## پنجاب لاء اینڈ پارلیمنٹری افیئرز کا اسٹیشنری و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:28اگست2023ء
برائے رابطہ: سیکشن آفیسر (ایڈمن۔1) آفس، سول سیکریٹریٹ پنجاب، لاہور۔
فون:042-9910089

## نیشنل انجینئرنگ سروسز کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:28اگست2023ء
برائے رابطہ: آفس منیجر،NESPAKہاؤس، سیکٹر G-5/2، اسلام آباد۔
فون:051-9007222 / 0313-8883334

## پنجاب پروکیورمنٹ اتھارٹی کا پیپر کا ٹینڈر

کمپیوٹر پیپرA4 سائز،80 گرام، ڈبل اے برانڈ یا مساوی
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:29اگست2023ء
برائے رابطہ: آفس، تیسری منزل، ٹیل ونگ، الفلاح بلڈنگ، دی مال، لاہور۔
فون:042-36284774

## سوئی ناردرن گیس فیصل آباد کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:FST/TE/032/23
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:29اگست2023ء
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ آفس، ہیڈکوارٹر، سرگودھا روڈ، فیصل آباد۔
فون:041-9210004

## پنجاب اسکول ایجوکیشن کا پیپر، پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر

کمپیوٹر پیپرA4 سائز80 گرام،تعداد:2500ریم
کمپیوٹر پیپر لیگل سائز،80 گرام،تعداد:1200ریم
پرنٹنگ آئٹمز، اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:30اگست2023ء
برائے رابطہ: سیکشن آفیسر جنرل آفس،
11-A، لارینس روڈ، لاہور۔
فون:042-99019000

## لاہور ویٹرنری یونیورسٹی کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:0009/2023-24
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:23اگست2023ء
برائے رابطہ: انچارج، پرچیز سیل، آؤٹ فال روڈ، لاہور۔
فون:042-99211449-50,99211374
EXT:138
EXT:2486-2480-2484

## ایگریکلچر ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کو پیپر درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:02/2023-24
کمپیوٹر پیپر،A4 سائز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:29اگست2023ء
برائے رابطہ: آفس، فیصل آباد۔
فون: 041-9201671-72

## سوئی ناردرن گیس شیخوپورہ کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:SKP-TE/007/2023
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:21اگست2023ء
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ آفس، ریجنل آفس، سرگودھا روڈ، شیخوپورہ۔
فون:056-3791722 / 0300-9463641


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# غیر منقولہ جائیداد کی فروخت پر ٹیکس ادائیگی و طریقہ کار میں تبدیلیاں، پنجاب میں اطلاق روک دیا گیا

